Llywodraeth Cymru
Welsh Government

www.gov.wales

ویلز میں پڑھائی
اور نیومریسی کے ٹیسٹ

سال 2-9 کے بچّوں
کے والدین اور نگہبانوں
کے لیئے معلومات

mae addysg
yn dechrau
yn y cartref
education
begins
at home

Urdu

مندرجات

ویلزمیں قومی سطح پرٹیسٹ کیوں لیئےجاتےہیں؟ 3
یہ ٹیسٹ کس طرح کےہوتےہیں؟ 4
یہ ٹیسٹ کب ہوتےہیں؟ 5
کیا یہ ٹیسٹ سب بچّوں کےلیئے لازمی ہیں؟ 5
یہ ٹیسٹ میرےبچّے کی پڑھائی کےبارےمیں مجھےکیا بتا سکتےہیں؟ 6
مجھےکیسےمعلوم ہوگاکہ ان ٹیسٹوں میں میرےبچّےکی کارکردگی کیسی تھی؟ 7
مقرّرہ معیاری نمبر کتنےہوتےہیں؟ .... 8 - 9
ترقّی کاپیمانہ کیا ہے؟ .... 10 - 11
کیا مجھےاپنےبچّےکو ٹیسٹ کی تیّاری کروانا چاہیّئے؟ 12
کیا مجھےاپنےبچّےکو پڑھائی اورنیومریسی میں بہترہونےکےلیئے مدد دینا چاہیّئے؟ 13
کارآمد رابطے 14

Crystal Mark 21201
Clarity approved by Plain English Campaign

WG24799
آئی ایس بی این: 978-1-4734-3500-1
© کراؤن کاپی رائٹ اپریل 2015

معلومات برائے والدین و نگہبانان

2 تا 9 جماعتوں میں بچے اب
ہر موسم گرما میں پڑھائی اور
نیومریسی کے قومی ٹیسٹ دیتے
ہیں۔ یہ ورقچہ وضاحت کرتا ہے کہ
ٹیسٹوں میں کیا شامل ہے اور ٹیسٹ
کے نتائج آپ کو اپنے بچے کی
آموزش کے متعلق کیا بتا سکتے ہیں۔

ویلزمیں قومی سطح پرٹیسٹ کیوں لیئےجاتےہیں؟

سکولوں نے یہ چیک کرنے کے لیے
کہ بچے کتنی بہتر کارکردگی دکھا
رہے ہیں ہمیشہ ٹیسٹ استعمال کئے ہیں۔
سارےویلزکےلیئےقومی سطح کےٹیسٹوں کا
مطلب یہ ہےکہ سارے سکولوں میں اساتذہ
کو اپنےشاگردوں کی پڑھائی اورنیومریسی
کے بارےمیں مساوی معلومات ہی ملتی ہیں۔
ٹیسٹ ظاہر کر سکتے ہیں کہ انفرادی بچوں
کو اپنی مہارتیں بہتر بنانے میں کہاں مزید
مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ سکول اپنے
اپنےشاگردوں کی پڑھائی اورنیومریسی میں
استعداد کا موازنہ مقامی سطح پر کرسکتےہیں۔

ٹیسٹ کس قسم کے ہیں؟

پڑھنا

پڑھائی کے ٹیسٹ دو یا زائد متنوں کی بنیاد پر مختصر سوالات پر مشتمل ہوتے ہیں۔ کچھ سوالات چیک کرتے ہیں کہ متن کو کتنا بہتر سمجھا گیا ہے، دیگر کا مقصد یہ جاننا ہےکہ آیا بچے جو پڑھ رہے ہیں اس کے متعلق آراء بنانے کے قابل ہیں۔ ٹیسٹ شروع ہونےسےپہلے، بچّےچند سوالوں کی مشق کرسکتے ہیں تاکہ انہیں اصل ٹیسٹ کے سوالات کے بارےمیں اندازہ ہوسکے، اور انہیں کیا پوچھا جا سکتا ہے۔

انگلش اور ویلش دونوں میں پڑھائی کے ٹیسٹ ہیں۔ ہر ٹیسٹ زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ تک لے سکتا ہے لیکن چھوٹے بچے درمیان میں وقفہ لے سکتے ہیں۔ ویلش ذریعہ تعلیم کے سکولوں میں 4 – 9 جماعتوں میں بچے دونوں زبانوں میں ٹیسٹ دیتے ہیں۔ جماعت 2 اور 3 میں بچوں سے صرف ویلش میں پڑھائی کے ٹیسٹ دینے کی توقع کی جاتی ہے گو سکول جماعت 3 کے طالبعلموں کو انگریزی میں پڑھائی کا ٹیسٹ بھی دینے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

نیومریسی

دو اقسام کے نیومریسی ٹیسٹ ہیں۔

1. پروسیجرل ٹیسٹ اعداد، پیمائش اور ڈیٹا میں استعداد کی جانچ کرتا ہے۔
2. منطقی ٹیسٹ یہ اندازہ لگاتے ہیں کہ بچّےکتنی اچّھی طرح اپنےعلم سے روزمرّہ مشکلوں کو حل کرتےہیں۔

دونوں ٹیسٹوں کے لیے انگریزی اور ویلش میں ترجمے دستیاب ہیں۔ ہرنیومریسی ٹیسٹ تقریبا" آدھ گھنٹےکا ہوتا ہے،تاہم چھوٹے بچّے ٹیسٹ کے دوران وقفہ لےسکتے ہیں۔

ٹیسٹوں کا انعقاد کب ہوتا ہے؟

پرائمری سکول اپنے بچّوں کویہ ٹیسٹ **5 مئی سے12 مئی 2015 کے درمیان دیں گے**۔ سیکنڈری اور مڈل سکول بچّوں کویہ ٹیسٹ **29 اپریل اور 12 مئی 2015 کے درمیان دیں گے**۔ اس دوران، یہ سکول کی ذمّہ داری ہےکہ وہ ٹیسٹوں کےاوقات طےکرکےآپ کو بتادےکہ آپ کے بچّےکےٹیسٹ کب ہوں گے۔ بچّے اپنے ہم جماعتوں یا بڑےگروپوں کے ساتھ ٹیسٹ لےسکتےہیں، شائد کسی سکول ہال میں۔

کیا تمام بچوں کو ٹیسٹ دینے پڑتے ہیں؟

زیادہ تر بچوں کو ٹیسٹ دینے کے قابل ہونا چاہئیے، لیکن کچھ کو رسائی کے خاص انتظامات کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، اُن بچوں کے لیے ٹیسٹوں کی بڑے پرنٹ اور بریل کی اشکال دستیاب ہیں جن کو بصارت کے مسائل درپیش ہیں۔ ممکن ہے کہ بچوں کی ایک بہت ہی قلیل تعداد ٹیسٹ دینے کے قابل نہ ہو۔ ہیڈ ٹیچرز محتاط طریقے سے غور و خوض کریں گے کہ آیا کچھ بچوں کو ایک یا زائد ٹیسٹوں کے لیے داخل کیا جائے۔

ٹیسٹ میرے بچے کی آموزش کے متعلق مجھے کیا بتا سکتے ہیں۔

ٹیسٹ اُس میں اضافہ کرنے کے لیے مفید معلومات فراہم کر سکتے ہیں جو آپ کے بچے کا استاد کلاس روم میں اس کے ہر روز کام سے اس کی ریڈنگ اور نیومریسی کے متعلق جانتا ہے۔ استاد نتائج کو مضبوطیوں اور اُن شعبوں کی بھی نشاندہی کے لئے استعمال کرسکتے ہیں جہاں مزید مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ وہ والدین کی میٹنگ میں آپ کے ساتھ ان معلومات کا تبادلہ کر سکتے ہیں۔

تاہم، کوئی بھی ٹیسٹ مہارتوں اور اہلیتوں پر صرف ایک محدود حد تک نظر ڈال سکتا ہے۔ پڑھائی کے ٹیسٹ بولنے، سننے یا لکھنے کی مہارتوں کے بارے میں کسی قسم کی معلومات فراہم نہیں کر سکتے۔ نیومریسی ٹیسٹ آپ کے بچے کی وسعت اور شکل کے فہم کو ٹیسٹ نہیں کر سکتے۔ بعض بچے ٹیسٹ والے دن اپنی بہترین کارکردگی نہیں دکھا پائیں گے۔ نتیجتاً، صرف ان کے ٹیسٹ کے نتائج ان کی اہلیت کی مکمل عکاسی نہیں کر سکتے۔ ہر ٹیسٹ ہر سال گروپ کے لیے متوقع کلی حدود میں کامیابی ماپنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ ٹیسٹوں سے ان بچّوں کے متعلق ہمیشہ معتبرمعلومات نہیں ملیں گی جوانتہائی حالات میں کام کررہےہیں، یا اپنی عمرسے باہرہیں۔

یہ اہم ہے کہ فقط ایک ٹیسٹ کے نتیجے پر توجہ مرکوز کرنے کی بجائے، ان کے استاد کے پاس موجود تمام ثبوتوں کی بنیاد پر اپنے بچے کی پیش رفت پر ان کے ساتھ گفتگو کریں۔ یہ یاد رکھنا بھی ضروری ہے کہ تمام بچے ایک ہی شرح سے پیش رفت نہیں کرتے ہیں۔

مجھے کیسے علم ہو گا کہ ٹیسٹوں میں میرے بچے کی کارکردگی کیسی ہے؟

موسم گرما کی ٹرم کے اختتام پر، آپ کے بچے کا سکول آپ کو ہر ٹیسٹ کے لیے ٹیسٹ کے نتائج دے گا جو آپ کے بچے نے دیے ہیں۔ نتائج آپ کے بچے کی سالانہ رپورٹ کے ساتھ پڑھے جانے چاہئیں۔

ان ٹیسٹوں سے دو طرح کی معلومات ملتی ہیں، ایک معیاری نتیجہ اورایک ترقّی کا پیمانہ۔ یہ دونوں ان نتائج سے بہت مختلف ہیں جو دیگرحالات میں دیکھے ہوں گے، مثلاً" 10 میں سے9 یا65%۔

معیار شدہ سکور کیا ہے؟

فرض کریں '10 میں سے 6' کا سکور حاصل کرنے میں یہ مد نظر نہیں رکھا جاتا ہے کہ ٹیسٹ کتنا سخت ہے یا ظاہر نہیں کرتا کہ ٹیسٹ دینے والے دیگر بچوں کی نسبت کسی بچے کی کارکردگی کیسی ہے۔ اگر ٹیسٹ دینے والے دیگر میں سے زیادہ تر نے 10 میں سے 9 سکور حاصل کیا ہے، تو 6 اچھا سکور نہیں ہے۔ لیکن اگر اوسط سکور 10 میں سے 2 تھا، تب 6 بہت اچھا سکور ہے۔ قومی ٹیسٹوں کےمعیاری نتائج سےآپ اپنے بچّے کی استعداد کا موازنہ دوسرے (اس کے ہم عمر) ان بچّوں سےکر سکتےہیں جو ان ٹیسٹوں میں شامل ہیں۔ اوسط معیاری کردہ سکور 100 سیٹ کیا ہے اور ٹیسٹ دینے والے تمام بچوں کا تقریباً دو تہائی معیار شدہ سکور 85 اور 115 کے درمیان حاصل کریں گے۔ لہٰذا، معیار شدہ سکور 85 سے کم **ممکن ہے** پڑھائی یا نیومریسی میں کسی قسم کی مشکل کی جانب اشارہ کرے جیسا ٹیسٹ میں ماپا گیا۔

بعض حالات میں، سوالوں کی پیچیدگی کی وجہ
سے ایک ایسے بچّے کے لیئے معیاری نتیجہ مرتّب
کرنا ناممکن ہوتا ہے جس کی پڑھائی اورنیومریسی
کی استعداد حسب توقّع رفتار سے بڑھ نہیں رہی ہے۔
سکور صرف بطور '70 سے کم' دیا جا سکتا ہے۔
اگر یہ صورت ہے، تو آپ کے بچے کا استاد جائزہ
لینے کے لیے دیگر طریقہ استعمال کرے گا کہ ان
کی مہارتیں کیسے نمو پا رہی ہیں۔ کوئی استاد یہ بھی
کرسکتا ہے کہ آپ کے بچّے کو اس کی جماعت سے ایک
سال پہلے کا ٹیسٹ دے تاکہ بچّے کی تعلیمی ترقی
کے لیئے اس کی کمی اور ضروریات کا بہتر اندازہ لگایا
جا سکے۔

اسی طرح، بہت اعلیٰ درجے
کی کامیابی حاصل کرنے والوں
کو صرف ' 140 سے زائد' کا
معیار شدہ سکور دیا جا سکتا ہے
کیونکہ ٹیسٹ ان کی مہارتوں
کی حد کو ماپتا نہیں ہے۔ دوبارہ،
استاد آپ کے بچے کی اہلیت کے
متعلق آپ کو مزید معلومات دینے
کے قابل ہوں گے۔

تعلیمی پیش رفت کا پیمانہ کیا ہے؟

ٹیسٹ کی پیش رفت کا پیمانہ یہ بتاتا ہے کہ آپ کے بچّے کی کارکردگی اس کے ہر اس ہم جماعت بچّے کے مقابلے میں کیسی ہے جس نے وہ ٹیسٹ دیا ہے۔ ہرسال پیش رفت کا پیمانہ دیکھتے رہنے سے آپ کو ٹیسٹوں میں اپنے بچّے کی کارکردگی پر نظر رکھنے میں مدد ملے گی۔ پیش رفت کے پیمانے اگر ہرسال تقریبا" ایک جیسے ہی رہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچّہ اپنی جماعت کے ساتھ برابر ترقّی کر رہا ہے۔ ہرسال تھوڑا بہت فرق ہونا معمول کی بات ہے۔ اگر آپ کے بچّے کے نمبر ہرسال اسی ایک دھندلے خانے میں نظر آئیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچّہ اپنی جماعت کے ساتھ برابر ترقّی کر رہا ہے۔ سال بھرکے بعد نمبروں کے ایک خانے سے دوسرے خانے میں (اوپر کی طرف یا نیچے کی طرف) جانے کا مطلب ہے کہ آپ کے بچّے کو مزید مدد یا آزمائش سے فائدہ ہوگا۔ آپ کے بچّے کا استاد اس کی پڑھائی اورنیومریسی کے ہرشعبے (صرف ٹیسٹ ہی نہیں) کی ترقّی اور ممکنہ اقدامات کے بارے میں آپ سے تفصیلا" بات کرے گا۔

پیش رفت کےجدولوں کوسمجھنا

پیش رفت کا پیمانہ برائےپروسیجرل نیومریسی



یہ نمونےکا جدول ٹیسٹ دینےوالےہر بچے کےنتائج سےلیاگیاہے۔ بچّےکے 2013 میں زیریں نمبر اورپھرہرسال کا پیمانۂترقّی کو دھندلےحصّے میں ایک صلیبی نشان سےدکھایا گیاہےتاکہ ان کی کارکردگی بمقابلہ نیشنل نصاب کےاس سال کےدیگربچّوں کے دکھائی جا سکے۔ بچّے کا جدول دکھاتا ہےکہ ان کے پروسیجرل نیومریسی کےنمبرتین سالوں میں ہرسال کےلیئےان کی جماعت کی اوسط کےمطابق ہیں۔ ان تین سالوں میں انہوں نے حسب توقع ترقّی کی ہےاوراپنی جماعت میں اپنی حیثیّت برقراررکھی ہے۔

کیا امتحانات کی تیاری میں مجھے اپنے بچّے کی مدد کرنا چاہیے؟

نہیں۔ یہ ٹیسٹ آپ کے بچّے کی کامرانی کا محض ایک ثبوت ہے۔ اپنے بچّے کو تیّار کرنے کا بہترین طریقہ یہ یقینی بنانا ہے کہ وہ پریشانی یا اضطراب میں مبتلا نہ ہو۔

کیا میں اپنے بچے کے پڑھنے اور نیومریسی بہتر کرنے میں ان کی مدد کر سکتا ہوں؟

جی ہاں، یقیناً! گھر پر اور روزمرہ کے معمولات کے دوران اپنے بچے کی آموزش میں حصہ لینے سے ان کی پیش رفت میں بڑا فرق پڑ سکتا ہے۔ درج ذیل میں سے کوئی بھی بہت بڑی مدد کرے گا۔

- کسی متن مثلاً" کتابیں، رسالے، ویب پیجز، ورقچے، اعلانات پڑھنا اور ان کےبارےمیں بات کرنا
- شاپنگ، تفریحی دوروں کی منصوبہ بندی، فٹ بال کا سکور، ٹی وی پروگرام دیکھنے کے دوران اعداد کا استعمال کرنا۔
- پڑھائی اورنیومریسی کےکاموں مثلاً" کھانا بنانا، بورڈگیمزکھیلنا، کھیلیں دیکھنا یاکھیلنا، ای میل لکھنا میں حصّہ لینا۔
- ان الفاظ اور اعداد کے بارےمیں بات کرنا جن سے روزمرّہ زندگی میں واسطہ پڑتا ہو۔
- گھرپراپنےبچّوں کی دلچسپ کاموں میں مدد کی تجاویز کےلیئے وزٹ کیجئے www.facebook.com/beginsathome

مفید رابطے

پڑھائی اورنیومریسی میں اپنے بچّے کی مدد کےلیئے رہنمائی اور مشورے کےلیئے درج ذیل ویب سائیٹس کو وزٹ کیجیئے۔

تعلیم کا آغازگھرپرہوتا ہے۔

آپ گھرپر جو کچھ کرتےہیں اس سے آپ کےبچّےکی سکول میں کارکردگی بہترکرنے میں مدد کرے گی۔

کچھ بہترین تجاویزکےلیئے وزٹ کیجیئے:

facebook.com/beginsathome

بک ٹرسٹ – نےمتعدد پرگرام اورپراجیکٹ اس مقصد سے بنائےہیں کہ ہرعمراورپس منظرکےلوگوں کو پڑھائی اورلکھائی سے لطف اندوز ہونے میں مدد دیں
www.booktrust.org.uk

نیشنل نیومریسی - نیومریسی میں اپنے بچّےکی مدد کیجیئے۔
www.nationalnumeracy.org.uk/parents
(یہ ویبسائیٹ صرف انگلش میں دستیاب ہے۔)

بائیٹ سائز- BBC کی جانب سے یو کے کے بچّوں کو سکول کے کام میں مدد دینے کےلیئے مفت آن لائین سروس ہے۔ www.bbc.co.uk/bitesize
(یہ ویبسائیٹ صرف انگلش میں دستیاب ہے۔)

لو ریڈنگ4کڈز - آپ ان کے لیئے خوش کن کتابوں کو دیکھ سکتے ہیں اور انہیں پڑھائی سےپیارکرنے میں مدد کریں گے www.lovereading4kids.co.uk
(یہ ویبسائیٹ صرف انگلش میں دستیاب ہے۔)

سم ڈاگ اس سائیٹ پر ایسی گیمزہیں جو کھیل ہی کھیل میں ریاضی سکھاتی ہیں۔ یہ سب مفت ہیں اوران میں مزید حصّےخریدےجاسکتےہیں۔
www.sumdog.com
(یہ ویبسائیٹ صرف انگلش میں دستیاب ہے۔)

میرا مقامی سکول – یہ ویبسائیٹ ویلزبھر میں سکولوں کی کارکردگی کی معلومات فراہم کرتی ہے۔
http://mylocalschool.wales.gov.uk

@edubeginsathome

ایسٹن - اپنےبچّے کے سکول کی کارکردگی کے متعلق مزید جانیں۔ www.estyn.gov.uk

سکول میں مفت کھانے – معلوم کریں کہ آیا آپ اہل ہیں۔ www.gov.wales پرجاکر ایجوکیشن اینڈ سکلز اینڈ سکولز والے حصّےپرجائیئے۔

چینج4لائف - درج ذیل پر آپ کو اورآپ کے خاندان کو خوش اور صیتمند رہنے کےلیئے ترکیبیں اور تجاویز ملیں گی۔ www.change4lifewales.org.uk

ایم ای آئی سی - ویلز کے بچّوں اور نوجوانوں کے لیئے صیغۂ رازداری کی ہیلپ لائین ہے۔
اپنےعلاقے کے حالات سے آگاہی سےلےکر دھونس سے نمٹنے میں مدد تک۔ www.meiccymru.org

سمرریڈنگ چیلنج۔ موسم گرما کی تعطیل میں پڑھنے میں مددکےلیئے
www.summerreadingchallenge.org.uk

ایچ ڈبلیوبی - سارے ویلزکےلیئےآموختے کی جگہ، مفید معلومات سے بھرپور۔
http://hwb.wales.gov.uk

ویلش ان ایجوکیشن ریسورسز برانچ، ویلش گورنمنٹ
ویلش اوربائلنگویل تعلیمی معلومات کو نیشنل نصاب کے تمام مضمونوں کی مدد کےلیئےمہیّا کرتی ہے۔
آپ یہ ذرائع ایچ ڈبلیوبی کے ذریعے ڈیجیٹل صورت میں بھی لےسکتےہیں /http://hwb.wales.gov.uk
اورپرنٹ میں یہاں دستیاب ہیں www.gwales.com.
براہ کرم مزید معلومات کےلیئےرابطہ کیجیئے
welshresources@wales.gsi.gov.uk